UG-157	BUR-11

B.A. DEGREE EXAMINATION –
DECEMBER, 2018.

First Year

Urdu

PROSE

Time : 3 hours　　　　Maximum marks : 75

نوٹ : صرف پانچ سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔
ہر سوال کے نشانات مساوی ہیں۔

(5 × 15 = 75)

۱۔ ذیل کے اقتباسات میں سے صرف تین کی بحوالۂ متن تشریح کیجئے :

(الف) مذہبِ اسلام ایسا مستحکم اور سچا مذہب ہے کہ جس قدر دینی اور دنیا وی

http://www.tnouonline.com

http://www.tnouonline.com

علوم کی ترقی ہوتی جائے گی اسی
قدر اس کی سچائی زیادہ ثابت
ہوگی۔

(ب) آدمی مثل ایک ''کَل'' کے نہیں ہے کہ
جو اس کے واسطے مقرر کر دیا ہے اسی کو
انجام دیا کرے بلکہ وہ ایک ایسا درخت
ہے جو اُن اندرونی قوتوں سے جو خدا
نے اس میں رکھی ہیں اور جن کے سبب
وہ زندہ مخلوق کہلاتا ہے ہر چہار طرف
پھیلے اور بڑھے، پھولے اور پھلے۔''

http://www.tnouonline.com

(ج) کتابیں پڑھتے ہیں اور ان سے تربیت حاصل کرتے ہیں اور ایسے بیل کی مانند ہو جاتے ہیں جو برابر چرتا ہے اور پھر بھی چراگاہ ہی میں رہنے کی خواہش کرتا ہے۔

(د) اسی لئے ہم دیکھتے ہیں کہ محنت مزدوری کرنے والے لوگ اور وہ جو کہ روزانہ محنت سے اپنی بسر اوقات کا سامان مہیا کرتے ہیں بہت کم کاہل ہوتے ہیں۔ محنت کرنا سخت سخت کاموں میں ہر روز لگے رہنا گویا ان کی طبعیت ثانی ہو جاتی ہے۔

http://www.tnouonline.com

(ھ) دشمن دوست سے زیادہ ناصح ہے اس لئے کہ وہ (دوست) سوائے نیکی کے اور کچھ نہیں کہتا اور وہ (دشمن) سوائے برائی کے اور کچھ نہیں کہتا۔

(و) ایشیا کے شاعروں میں ایک بڑا نقص یہی ہے کہ وہ اس بات کا خیال نہیں رکھتے بلکہ جس کی تعریف کرتے ہیں اس کے اوصاف ایسے جھوٹے اور ناممکن بیان کرتے ہیں جن کے سبب سے وہ تعریف تعریف نہیں رہتی بلکہ فرضی خیالات ہوجاتے ہیں۔

۲۔ سرسید کے سوانحی حالات بیان کیجئے۔ اور ان کی شخصیت وسیرت کے اہم پہلوؤں کی نشاندہی کیجئے۔

۳۔ مضامینِ سرسید کی روشنی میں اُن اسلوبِ نگارش کی امتیازی خصوصیات اجاگر کیجئے۔

۴۔ قوم کو پستی سے نکالنے اور جدید تعلیم کی طرف متوجہ کرنے کے لئے سرسید کو کن کن صعوبتوں کو جھیلنا پڑا؟ مفصل لکھئے۔

http://www.tnouonline.com

۵۔ سرسید کے چند اہم کارناموں کا ذکر کیجئے۔

٦۔ مضمون ''گزرا ہوا زمانہ'' اپنی قوم کے لئے کونسا پیغام دیتا ہے سرسید کے خیالات کی نشاندہی کیجئے۔

٧۔ ''امید کی خوشی'' مضمون کا خلاصہ تحریر کیجئے۔

٨۔ سرسید ''ریاکاری'' مضمون کی وساطت سے قوم کے اندر کیسی بیداری پیدا کرنا چاہتے ہیں کیا ریاکاری کی مذمت سے اپنی قوم اس کا تدارک کرسکتی ہے؟ واضح کیجئے۔